نیوزی لینڈ کے نائب وزیر اعظم اور وزیر اعظم خارجہ عزت مآب جناب ونسٹن پیٹرز ہندوستان کے سرکاری دورے پر (مارچ 2024 ,10-13)

08 مارچ، 2024

نیوزی لینڈ کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ عزت مآب جناب ونسٹن پیٹرز 10-13 مارچ 2024 کو وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی دعوت پر ہندوستان کے سرکاری دورہ پر تشریف لائیں گے۔ نومبر 2023 میں نیوزی لینڈ میں نئی حکومت میں اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد نائب وزیر اعظم پیٹرس ہندوستان کے اپنے پہلے دورے پر احمد آباد اور نئی دہلی آئیں گے۔ اس سے قبل وہ فروری 2020 میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کے طور پر ہندوستان کا دورہ کر چکے ہیں۔

2۔ احمد آباد میں، نائب وزیر اعظم پیٹرز کی مورخہ 11 مارچ 2024 کو گجرات کی سیاسی قائدین سے ملاقات ہونے کی امید ہے۔ نئی دہلی میں، وزیر خارجہ اور نائب وزیر اعظم پیٹرز 12 مارچ 2024 کو ایک دو طرفہ میٹنگ میں شریک ہوں گے اس دوران ہمارے دو طرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر غور کیا جائے گا۔ اور نیوزی لینڈ کے ساتھ ہمارے تعلقات پر بات چیت متوقع ہے۔ نائب وزیر اعظم پیٹرز اپنے ہندوستان کے سرکاری دورے کے دوران دیگر معززین سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

3۔ ہندوستان اور نیوزی لینڈ جمہوری روایات کی مشترکات پر مبنی والہانہ اور دوستانہ تعلقات ساجھا کرتے ہیں اور لوگ عوام سے عوام کے درمیان ایک مضبوط رشتہ کی اقدار کی اہمیت کو سمجھتے ہیں۔ دونوں ممالک تجارت اور معیشت، دفاع اور سلامتی، تعلیم اور تحقیق، اور ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی سمیت وسیع شعبوں میں باہمی تعاون میں منہمک ہیں۔

نئی دہلی

08 مارچ، 2024